Service and Information Update

ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن میں مثبت تبدیلیوں کا عمل جاری ہے

برامپٹن، آن (20 اپریل 2022) – ڈاون ٹاؤن برامپٹن ایک شاندار تبدیلی سے گزر رہا ہے، جس کا آغاز اس ہفتے ریجن آف پیل کی جانب سے علاقے میں پانی کی بڑی لائنوں اور سینیٹری سیوریج کو تبدیل کرنے کے لیے تعمیرات کے پہلے مرحلے کے ساتھ ہو رہا ہے۔

تعمیرات کے مرحلہ 1 کے دوران، ریجن کا ٹھیکیدار کوئین اسٹریٹ ایسٹ کی دو درمیانی لائنوں پر کام شروع کرے گا اور کوئین سٹریٹ کی لائنوں کو کم کر کے ہر سمت میں ایک لائن بچھائی جائے گی جو تقریباً مین اسٹریٹ سے چیپل اسٹریٹ کے مشرق میں GO ٹریکس سے شروع کی جائیں گی۔ ٹریفک کنٹرول کے اس سیٹ اپ کو زیر زمین انفراسٹرکچر کی تعمیر اور زمین کی سطح پر ہونے والے کاموں کی وجہ سے تبدیل کر دیا جائے گا۔ تاہم، کوئین سٹریٹ پر ہر وقت ٹریفک کی ایک لین بحال رکھی جائے گی۔

کوئین سٹریٹ پر جاری تعمیراتی کاموں کی وجہ سے آن اسٹریٹ پارکنگ دستیاب نہیں ہو گی۔ ان میونسپل پارکنگ کے گیراجوں میں مفت پارکنگ دستیاب ہوگی: نیلسن اسکوائر، مارکیٹ اسکوائر، ویسٹ ٹاور، سٹی ہال اور جان اسٹریٹ۔

ریجن اس بات کو یقینی بنائے گا کہ عمارتوں کے پیچھے موجود گلیوں کے ذریعے کاروباروں کو ہر وقت ڈیلیوری کی سہولت دستیاب رہے۔ اس پہلے مرحلے میں، ہارمس ورتھ لین اور گارڈن اسکوائر لین کو کاروبار کی ڈیلیوری اور لوڈنگ یا اَن لوڈنگ کی سہولت کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سٹی مین سٹریٹ ساؤتھ پر جان سٹریٹ اور کوئین سٹریٹ کے درمیان ایک لوڈنگ/ان لوڈنگ زون مختص کرنے پر بھی غور کر رہا ہے، جو ریستورینٹس اور کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والے کاروباروں کے لیے پک اپ میں مدد فراہم کرے گا۔

پیدل چلنے والوں کی رسائی تمام کاروباروں تک برقرار رہے گی اور فٹ پاتھ بھی کھلے رہیں گے۔ بولیوردز کے اندر کچھ قلیل مدتی کام ہوں گے اور اس کے بعد حد بندیوں اور فٹ پاتھوں کو مکمل طور پر تبدیل کیا جائے گا، جس دوران پیدل چلنے والوں کو سڑک کی دوسری جانب سے چلنے کا راستہ فراہم کیا جائے گا۔

تعمیر کے بارے میں مزید تفصیلات، بشمول ٹائم لائنز کے لیے ملاحظہ کریں: ریج آف پیل کی ویب سائٹ

مقامی کاروباروں کی اعانت کریں
برامپٹن کی ڈاؤن ٹاؤن بزنس کمیونٹی کووڈ-19 وباء سے شدید طور پر متاثر ہوئی ہے اور سٹی ان کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو کم کرنے اور ان کی معاشی بحالی میں مدد فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے اور اس کے ساتھ ساتھ عوامی مقامات اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری میں سرمایہ کاری کا عمل بھی جاری رکھے ہوئے ہے۔

رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس وقت کے دوران ڈاؤن ٹاؤن کے کاروباروں کی طرف جانا جاری رکھیں۔ آپ برامٹن کے چھوٹے کاروباروں کی ایک مکمل فہرست سپورٹ لوکل برامپٹن ویب سائٹ پر ملاحظہ کر سکتے۔

تعمیراتی کاموں کے دوران اپنے پسندیدہ کاروباروں کے قریب ترین موجود پارکنگ کی سہولیات کی دستیابی کی مکمل فہرست دیکھنے کے لیےwww.brampton.ca پر جائیں۔

ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن پروجیکٹس سینٹر ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن پروجیکٹس سینٹر (DBPC) کھلا رہے گا۔ سٹی کا عملہ ڈاؤن ٹاؤن کے کاروباروں اور رہائشیوں کی مدد کرنے کے لیے تیار ہے اور ڈاؤن ٹاؤن کے تزیین و آرائش کے پروگراموں اور اقدامات پر عمل درآمد کو جاری رکھے گا۔ تعمیراتی کاموں کے دوران پیل ریجن کا عملہ بھی موجود رہے گا۔

DBPC کے بارے میں مزید یہاں جانیں: www.brampton.ca/downtownbrampton

انٹیگریٹڈ ڈاؤن ٹاؤن پلان کے بارے میں
یہ اضافہ سٹی کے انٹیگریٹڈ ڈاؤن ٹاؤن پلان (IDP) کو آگے بڑھانے کا ایک اہم حصہ ہیں، جو ڈاؤن ٹاؤن کے بہت سے جاری اقدامات اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو مربوط کرنے کے لیے ایک ایسا روڈ میپ مہیا کرتا ہے جو مستقبل میں ہماری ترقی اور اسٹریٹجک سرمایہ کاری کی رہنمائی کے لیے نہایت اہم ہے۔

IDP کے رہنماء اصولوں میں شمولیت، اختراع اور دوام شامل ہیں۔ اس سے بنیادی ڈھانچے کی اپ گریڈیشن، اربن ڈیزائن کی تیاری، زمین کے موزوں استعمال اور مداخلتوں کے پروگراموں کو باہم مربوط کرنے میں مدد ملے گی - جو برامپٹن کو ایک اہم معاشی محرک، علاقائی ثقافتی مرکز اور ایک اختراعی ڈسٹرکٹ کے مقام پر کھڑا کر دے گا۔

IDP کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/ID

ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca